**P£ÁðlP ¥Ëq²Pët ¥jÃPÁë ªÄAq½**

ªÄ¯Ã±gA, ¨AU¼ÆgÄ-560003.

KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD
Malleshwaram, Bengaluru - 560003.

# 2020-21 ¸Á°£ ªiÁzj ¥±ß ¥wP - 1

## 2020-21 MODEL QUESTION PAPER-1

## ±Á¯Á C¨ÀyðU½U

## REGULAR FRESHERS

**«µAiÄ: ¥xªÄ ¨Áµ - GzÄð** | **«µAiÄ ¸APÃv: 12-U**

**SUBJECT: FIRST LANGUAGE-URDU** | **SUBJECT CODE:12-U**

**Cª¢ : 3 UAm 15 ¤«Äµ** | **Ujµ CAPU¼Ä :100**

**TIME:3:15 HOURS** | **MAX MARKS :100**

---

## ¥jÃPÁëyðUÁV ¸ÁªiÁ£À ¸ÆZ£U¼Ä :

**عام ہدایات:**

1. سوالی پرچہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالات پر مشتمل ہے جس میں 45 سوالات ہیں۔
2. اس سوالی پرچہ کو سربمُہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

**I.** **درج ذیل سوالات کے چار متبادل دئے گئے ہیں صحیح جواب منتخب کر کے لکھئے:** **6x1=6**

1. چار مصرعوں والی نظم کہلاتی ہے۔

A. غزل

B. نظم

C. رباعی

D. مرثیہ

2. وہ جملہ جو کسی واقعہ، کیفیت یا کسی صورتِ حال کی خبر دے

A. جملۂ اسمیہ

B. جملۂ خبریہ

C. جملۂ فعلیہ

D. جملۂ انشائیہ

3. غزل کا وہ شعر جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ورد یف ہوتے ہیں۔

A. مطلع

B. قافیہ

C. مقطع

D. بیت الغزل

4. وہ نظم جس کے مصرعوں میں ارکان گھٹتے بڑھتے ہیں۔

A. پابند نظم

B. نثری نظم

C. مقفیٰ نظم

D. آزاد نظم

5. معنی کے لحاظ سے جملہ کی قسمیں ہیں۔

A. دو

B. تین

C. چار

D. چھ

6. کلام میں کسی دو الگ چیزوں کو ان کی مشترک خوبی کی بنا پر ایک دوسرے سے مثال دی جاتی ہے۔

A. تکرار

B. تضاد

C. تشبیہ

D. تلمیح

**II. پہلے دولفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔** **4x1=4**

7. ازل : ابد : : پنہاں:__________

8. حکم : احکام : : وقت :__________

9. ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات : کہاوت : : پہاڑٹوٹنا :__________

10. وفادار : لاحقہ : : بےوفا :__________

**III. درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے:** **7x1=7**

11. امیر خسرو نے کم عمر میں کونسا فن سیکھا؟

12. ایلکشن کی کونسی میٹنگ باقی تھی؟

13. لال قلعے کے مشاعرے میں سُنائی گئی جوشؔ کی نظم کا عنوان کیا تھا؟

14. مزدلفہ میں قیام کے دوران حضور ﷺ نے کون کونسی نمازیں ایک ساتھ ادا کیں؟

15. طاقت والے کمزوروں کے ساتھ کیا سلوک کیا کرتے تھے؟

16. دم وداع شاعرہ کس سے بخشش کی طلب گار ہے؟

17. حضرت امام حسینؓ کو پیاسا مرنا کیوں گوارا تھا؟

**IV. درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے:** **10x2=20**

18. بھرت نارائن جی کی روح کیوں مسکرا رہی تھی؟

19. ودیا چرن جی کے اہنسا کی باتوں پر مولانا رجب نے کیا کہا؟

20. حضرت امام حسینؓ اُمت کے واسطے کیا کچھ کر گذرنا چاہتے تھے؟

21. مشاعرے میں نظم سنانے کے بعد کنور سنگھ نے جوشؔ سے کیا کہا؟

22. امیر خسرو کی شعری صلاحیتوں کا کس طرح امتحان لیا گیا؟

23. سرحدوں کا جال نظم میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟

24. امراء وحکام کی فرماں برداری کے بارے میں آپ ﷺ نے کیا حکم دیا؟

25. اعجازؔ احسنی نے رباعی میں سماج کی کس برائی کی جانب اشارہ کیا ہے؟ وضاحت کیجئے۔

26. ملک کی سرحدوں میں بٹے آدمی کی بے بسی کو شاعر نے کس طرح بیان کیا ہے؟

27. حضور ﷺ کی آمد سے عورتوں میں کیا تبدیلی آئی؟

**V.** **درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے ۔** **11x3=33**

**متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے۔**

28. ''کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو کسی عربی پر کوئی بڑائی نہیں۔''

29. ''خدا ایک ہے۔ہم اس کے بندے بھی ایک ہیں۔''

30. ''اگلی بار جیل گیا تو تم فقط 'ہائے فراق' رہ جاؤ گے''۔

**درجِ ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے۔**

31. مولانا سید سلیمان ندوی

**درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھئے۔**

32. ماہرؔ القادری

**درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔**

33. ترے عشق کی انتہا چاہتا ہوں
مری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں

34. یہ عشق نے دیکھا ہے ، یہ عقل سے پنہاں ہے
قطرے میں سمندر ہے، ذرے میں بیاباں ہے

35. منزل نہیں کوئی نہ سہی رہ گذر تو ہے
پہلے بھی اپنے قدموں کو بہلا چکے ہیں ہم

**درجِ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔**

36. قوسین میں دئے گئے حروف کی مدد سے خالی جگہوں کو پر کیجئے۔

[ میں ، وہ ، کو ]

i] آغوش______ساحل کے، کیا لطفِ سکوں اس کو

ii] اصغؔر سے ملے، لیکن اصغؔر_____ نہیں دیکھا

iii] اشعار میں سنتے ہیں، کچھ کچھ ______ نمایاں ہے

37. جملۂ فعلیہ کی تعریف کرتے ہوئے مثال دیجئے۔

38. صنعت تکرار/تکریر کسے کہتے ہیں؟ مع مثال لکھئے۔

یا

رباعی کسے کہتے ہیں؟ رباعی میں کونسے مضامین بیان کئے جاتے ہیں۔

**VI.** **درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے:** **5x4=20**

39. اپنی نصابی کتاب سے ''حمد'' کے چار اشعار زبانی لکھئے۔

یا

مرثیہ، نظم کے آخری دو بند سے کوئی چار اشعار زبانی لکھئے۔

40. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے۔

i] جگنو

ii] سرحدوں کا جال

41. ہندوستان کے پہلے وزیر اعظم جواہر لال نہرو کی اُردو دوستی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھئے۔

42. بحث کیجئے کہ ''امیر خسرو کی نظر میں شاعری ایک شوق نہیں حکمت کا درجہ رکھتی تھی''

یا

حجۃ الوداع کے خطبہ میں آپ ﷺ نے عازمین حج کو کیا کیا ہدایات دیں؟ بیان کیجئے۔

43. درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔

ڈاکٹر ذاکر حسین صاحب صدرِ جمہوریۂ ہندوستان، نے طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا۔

''عزیزو ! تم جس دیس کے ہو وہ بڑا بدنصیب ملک ہے، وہ جاہلوں کا ملک ہے، بے رحمیوں کا ملک ہے بے انصافیوں کا ملک ہے، غافل پجاریوں کا ملک ہے۔ بھائی بھائی میں نفرت کا ملک ہے۔ بیماریوں کا ملک ہے۔ ستی موت کا ملک ہے۔ بھوک پیاس کا ملک ہے اور مصیبت کا ملک ہے۔ غرض بڑا کمبخت ملک ہے لیکن کیا کہئے تمہارا اور ہمارا ملک ہے۔

عزیزو ! اس نئے ہندوستان کو بنانے کے کام میں تم سے جہاں تک بن پڑے ہاتھ بٹانا۔ اس دیس کی سیوا میں قدم قدم پر خود دیس کے لوگ تمہاری مخالفت کریں گے۔

جلد بازی اور بے صبری سے بچنا۔ تم تازہ دم ہو، جوان ہو۔ اس کے لئے بڑی زبردست اخلاقی قوت کی ضرورت ہے اپنے آپ کو اچھا آدمی بنانا اور اپنے دل کو کینہ کپٹ سے خالی کرنا لازمی ہے۔

عزیزو ! کان کھول کر سنو۔ ہندوستان کی بڑائی ہماری خوبیوں پر منحصر ہے۔

i]   ڈاکٹر ذاکر حسین نے طلبہ کے سامنے ملک کا کیا نقشہ پیش کیا؟

ii]   وطن کی خدمت کے لئے کن کن باتوں سے لیس ہونا چاہئے؟

**VII.   خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے۔**   **1x5=5**

44. اپنے دوست کے نام خط لکھئے۔جس میں انہیں چھٹیوں میں گھر آنے کی دعوت دی گئی ہو۔

یا

اپنے استاد کے نام ایک درخواست لکھئے۔جس میں بہن کی شادی کا ذکر کرتے ہوئے دودن کی چھٹی طلب کی گئی ہو۔

**VIII.   کسی عنوان پر تفصیلی مضمون لکھئے:**   **1x5=5**

45. کووڈ19 ۔ سماج پر اس کے اثرات

یا

آپ کا پسندیدہ کھیل